مولانا محمد اسلام حقانی
رکن موتمر المصنفین

تعارف وتبصرہ کتب

● امام حسن بصری احوال وآثار تصنیف: حضرت مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہ مدنیؒ

ترجمہ: مولانا محمد جان اخونزادہ ضخامت: 336 صفحات ناشر: مجلس تحقیقات اسلامی 0315 9898998

امام حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کا نام علمی حلقوں میں محتاج تعارف نہیں، آپ جلیل القدر تابعی، رمز شناس مفسر، بلند پایہ محدث، دقیقہ رس فقیہ اور عظیم الشان صوفی وزاہد تھے، فصاحت و بلاغت میں ان کا شمار چوٹی کے چند علما میں ہوتا تھا، اللہ نے آپ کو اس شرف سے نوازا کہ آپ نے ام المومنین حضرت سلمہ رضی اللہ عنہا کا دودھ پیا ہے...... ایں سعادت بزور بازو نیست

آپؒ بیک وقت تفسیر حدیث فقہ اور تصوف تمام علوم پر دسترس کامل رکھتے تھے تاہم امام کی فقہی، تفسیری اور حدیثی جواہر بکھرے پڑے تھے جبکہ اہل علم وتحقیق نے ان بکھرے جواہر کو اکٹھا کرنا شروع کیا ڈاکٹر محمد رواس قلعہ جی نے انکی فقہی اقوال جمع کر کے ''موسوعہ حسن بصری'' کے نام سے شائع کیا جبکہ ان کی تفسیر ہلاکو خان اور چنگیز خان کے فتنے میں ضائع ہوگئی تھی، انکی تفسیر اقوال کو دوبارہ جمع کرنے اور تدوین کی سعادت استاد مکرم شیخ الحدیث مولانا سید شیر علی شاہ مدنی، دکتور کمال حالاً مؤذن مدینہ طیبہ کے حصے میں آئی انہوں نے نہایت محنت، کوشش اور جہد مسلسل کے بعد اسے ''تفسیر حسن بصری'' کے نام سے شائع کیا اور جامعہ اسلامیہ مدینہ منور کی طرف سے اسے امتیازی درجہ پر پی ایچ ڈی کی ڈگری بھی تفویض کی گئی

ڈاکٹر صاحب نے اسکے مقدمے اپنے قلم سے ایک جامع اور جاندار مقدمہ بھی تحریر فرمایا جو عربی کے اعلیٰ اسلوب کا حامل مقدمہ تھا اور اس میں امام حسن بصری کے تمام احوال اور آثار پر تسلی بخش مباحث موجود ہیں، ادبیت اور علمیت کا حامل یہ مقدمہ اس قابل تھا کہ اسے اردو زبان میں منتقل کیا جائے تاکہ اردو دان طبقہ اس اعلیٰ علمی کاوش اور خواجہ حسن بصری کے علمی خدمات سے آگاہ ہوسکے اس خدمت کیلئے استاد محترم محمد ابراہیم فانی صاحبؒ کی توجہ اور تحریص پر رفیق مکرم مولانا اسرار ابن مدنی نے اردو ترجمے کا آغاز کیا مگر تعطل کے بعد اور اسکی ایما اور اصرار پر ان کے بھائی اور ہمارے لائق دوست مولانا محمد جان اخونزدہ نے اس کام آغاز کیا اور اب ان کی یہ محنتیں ثمر بار ثابت ہوکر اس وقیع مجموعہ کو اہل علم کے سامنے پیش کرنے کی سعادت حاصل کی، محترم مترجم نے ترجمے کے جملہ پہلوؤں کا خیال رکھتے ہوئے نہایت بلند پایہ، سلیس